نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا بادامی باغ فروٹ منڈی کا دورہ۔

کاشتکاروں کو اُن کی محنت کا معقول معاوضہ دلانے کے لئے زرعی منڈیوں میں اصلاحات کا عمل جاری ہے۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: 02اگست2021( ) کاشتکاروں کو اُن کی محنت کا معقول معاوضہ دلانے کے لئے زرعی منڈیوں کے نظام میں اصلاحات کی جارہی ہیں۔ان اصلاحات سے منڈی کے تمام اسٹیک ہولڈرز مستفید ہوں گے اور منڈیوں کے مسائل میں کمی آئے گی۔اس ضمن میں صوبہ میں 132 زرعی منڈیوں کو آپس میں لنک کیا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے بادامی باغ فروٹ منڈی کے دورہ کے موقع پر کیا۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ صوبہ بھر میں 105 زرعی منڈیوں میں کسان پلیٹ فارم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جہاں کسان براہ راست اشیاءفروخت کررہے ہیں۔اس کے علاوہ اینڈرائیڈ ایپلکیشن "منڈی ایپ" کے ذریعے مارکیٹ فیس وصولی کا ریکارڈ مرتب کیا جارہا ہے تاکہ مڈل مین کا کردار محدود کیا جاسکے اور کاشتکاروں کو اُن کی محنت کا پورا معاوضہ مل سکے۔منڈیوں میں مارکیٹ فیس کا شیڈول، کمیشن اور روزانہ کے نرخ واضح جگہوں پر آویزاں جارہے ہیں۔پامرا ایکٹ کے نافذ العمل ہونے کے بعد زرعی منڈیوں کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے جس سے تمام اسٹیک ہولڈرز مستفید ہوں گے۔لکھوڈیرہ میں 5 ارب روپے کی خطیر رقم سے براعظم ایشیاء کی ماڈل منڈی کی تعمیر کا کام جاری ہے جس میں جدید مشینری کی مدد سے پراسیسنگ کے انتظامات کئے جارہے ہیں۔بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ اس ماڈل منڈی میں مال سلیکشن کا کام جدید سکینرز کی مدد سے کیا جائے گا اور یہ منڈی کسانوں کیلئے ایک بہترین منڈی ثابت ہوگی۔اس کے علاوہ صوبہ بھر میں ماڈل منڈیوں میں صفائی ستھرائی کے معیاری انتظامات مکمل انتظامات کئے گئے ہیں اور روزانہ کے آکشن کی بنیاد پر نرخ وضع کئے جارہے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت کے اس دورہ کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پامرا محسن شاکر، چیئرمین بادامی باغ منڈی ملک ندیم اسحاق، صدر بادامی باغ منڈی قیصر سجاد بھٹی اور نائب صدر چوہدری ارسلان ظہیر و دیگر ہمراہ تھے۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے منڈی کی نو منتخب یونین سے حلف لیا۔

☆☆☆☆